URDU

# منتقلی کے ذرائع
# برائے خاندان

خاندانوں کیلئے منتقلی کے عمل کی منصوبہ بندی
سمجھنے میں مدد کی گائڈ

FAIRFAX COUNTY PUBLIC SCHOOLS, 2024 ©
*Instructional Services Department*
*Office of Counseling and College and Career Readiness*
*Career and Transition Services*

*© Fairfax County Public Schools, Fairfax, Virginia*
*Instructional Services Department*
*Counseling and College and Career Readiness*
*Career and Transition Services*

*8270 Willow Oaks Corporate Drive*
*Fairfax, VA 22031*

*فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز (FCPS) میں کوئی بھی طالبعلم ، عمر ، نسل ، رنگ ، جنس ، جنسی رحجان ، صنفی شناخت ، مذہب ، قومیت ، ازدواجی حیثیت یا معذوری کی بنیاد پر کسی بھی تعلیمی پروگرام یا سرگرمی میں شرکت کرنے سے محروم ، فوائد کے حصول سے انکار اور امتیازی سلوک کا نشانہ نہیں بنایا جائے گا ۔ غیر امتیازی پالیسیوں بشمول ٹائٹل IX کے بارے میں انکوائریوں اور شکایتوں سے نمٹنے کیلئے آفس آف ایکوئٹی اینڈ ایمپلائی ریلیشنز کے ڈائریکٹر کو نامزد کیا گیا ہے ، ان سے 571-423-3050 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے ۔ 1973 کے بحالی ایکٹ کے سیکشن 504 کے تحت اس قانون پر عمل درآمد کے ضمن میں اپنی تشویش کے اظہار کیلئے ، براہ مہربانی FCPS Due Process and Eligibility Office میں کوآرڈینیٹر سے 571-423-4470 پر رابطہ کیجیئے ۔*

Copyright © 2024 Fairfax County School Board. *جملہ حقوق محفوظ ہیں ۔ یہ مواد جملہ حقوق کے مالک کی واضح پیشگی تحریری اجازت کے بغیر نقل ، نمائش ، ترمیم یا تقسیم نہیں کیا جاسکتا ۔ اجازت کیلئے، کوارڈینیٹر برائے کیریئر وعبوری خدمات سے 571-423-4150 پر رابطہ کیجیئے ۔*

# فہرستِ مضامین


| | |
|---|---|
| *Introduction* | **1** |
| *Transition Planning* | **2** |
| *Transition Goals – IEP 303* | **4** |
| *Transition Goals – IEP 303* | **5** |
| *Transition Services to Consider: IEP 304* | **6** |
| *Transition Services - IEP 304* | **8** |
| *Tips and Strategies for Transition Planning* | **9** |
| *Transition Planning Timeline checklist – General curriculum* | **11** |
| *Transition Planning Timeline checklist – Adapted curriculum* | **15** |
| *Charting My Future – Middle School* | **19** |
| *Charting My Future – High School* | **20** |
| *Transition Planning Checklist for Students and Parents* | **21** |
| *Suggested Transition Objectives* | **23** |
| *Educational and Career Planning Portfolio* | **30** |
| *FCPS Final Summary of Performance* | **31** |
| *Turning 18 – Resources for Young Adults* | **36** |
| *FCPS Career Instruction Resources* | **37** |
| *Community and Postsecondary Resources* | **40** |
| *Web Resources* | **41** |
| *Postsecondary Education and Training* | **43** |
| *Government Resources* | **44** |

# تعارف

کیریئر اور منتقلی کی خدمات (CTS)، دفتر برائے کونسلنگ و کالج اور کیرئیرکی تیاری ، نے *خاندانوں کیلئے منتقلی کے آلات کی کِٹ* منتقلی کی منصوبہ بندی کے عمل میں معاونت کیلئے حکمت عملیوں ، وسائل ، اورآلات شیئر کرنے کیلئے تیار کی ہے ۔

مڈل اور ہائی اسکول کے برسوں میں ایک طالبعلم کی ایک اسکول سے پوسٹ سیکنڈری آپشنز کی جانب منتقلی کی منصوبہ بندی انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) عمل کا ایک اہم حصہ ہے ۔ منتقلی کی منصوبہ بندی ایک مسلسل اور نتیجہ خیز عمل ہے ، جو معذوری کے حامل طالبعلم ، اس کے خاندان ، اسکول اوربالغوں کی سہولیات کے عملے ، اور کمیونٹی کے درمیان تعاون پر مبنی ہے ۔

معذوری کے حامل افراد کی تعلیم کا ایکٹ (IDEA 2004) منتقلی کی خدمات کی تعریف یوں کرتا ہے:

معذوری کے حامل طالبعلم کیلئے مربوط سرگرمیوں کا سیٹ جو –

- ایک نتیجہ خیز عمل کے اندر تشکیل دیا گیا ہوتا ہے ، جس میں معذوری کے حامل طالبعلم کی تعلیمی اور اطلاقی کامیابیوں پر توجہ مرکوز کی جاتی ہے تاکہ طالبعلم کی اسکول سے اسکول سے آگے کی سرگرمیوں کی جانب حرکت ، بشمول پوسٹ سیکنڈری تعلیم ، ووکیشنل تعلیم ، مربوط ملازمت (بشمول معاون کردہ ملازمت) ، جاری تعلیم بالغاں ، بالغوں کی خدمات ، خودمختار زندگی ، یا کمیونٹی میں شرکت میں سہولت دی جائے؛
- ایک انفرادی طالبعلم کی ضروریات پر مبنی ہوتا ہے ، جس میں طالبعلم کی خوبیوں ، ترجیحات اور دلچسپیوں کو مدنظر رکھا جاتا ہے؛
- جس میں ہدایات ، متعلقہ خدمات ، کمیونٹی کے تجربات ، ملازمت میں ترقی اور اسکول کے بعد بالغ زندگی کے دیگر مقاصد اور اگر مناسب ہو تو ، روزمرہ زندگی کی مہارتوں کا حصول اور اطلاقی پیشہ ورانہ تشخیص شامل ہوتی ہیں ۔ [پارٹ *A* ، سیکشن602(34)] ۔

اگلے مرحلے کی منصوبہ بندی ہر طالبعلم کے IEP کا ایک اہم جزو ہے ۔ IDEA کو مندرجہ ذیل کی ضرورت ہے:

1) *جب طالبعلم 16 برس کا ہوتا ہے یا کم عمر ہوتا ہے تو اس وقت سے لاگو پہلے IEP شروع ہونے کے بعد ، اگر IEP ٹیم مناسب سمجھتی ہے اور سالانہ بنیاد پر اپ ڈیٹ کرتی ہے تو IEP میں مندرجہ ذیل شامل کی جائیں گی –*

   i. *مناسب قابل پیمائش پوسٹ سیکنڈری اہداف ، جو عمر کی مناسبت سے منتقلی کی تشخیصوں پر مبنی ہوں ، اورتربیت ، تعلیم ، روزگار ، اور جہاں مناسب ہو ، خودمختار زندگی گزارنے کی مہارتیں؛ اور*

   ii. *منتقلی کی خدمات ( بشمول اسٹڈی کورسز) جن کی طالبعلم کو ان اہداف تک پہنچنے کی ضرورت پیش آئے گی ۔* [سیکشن 614(d)(1)(A)(VIII)]

2) *طالبعلم کی ریاست کے قانون کے تحت بلوغیت کی عمر سے ایک سال قبل ، اس سے زیادہ دیر نہیں ، کی ابتدا ء کے وقت ، ایک بیان کہ طالبعلم کو IDEIA کے تحت اس کے حقوق سے آگاہ کردیا گیا ہے، اگر کوئی ہے ، تو سیکشن 615(m) کے تحت بالغ ہونے کی عمر تک پہنچنے پر طالبعلم کو منتقل ہوجائیں گے ۔*

FCPS، کی رُو سے ہر طالبعلم کے IEP میں اگلے مرحلہ کی طرف منتقلی کا منصوبہ شامل ہونا چاہیئے جو گریڈ 8 یا 14 سال کی عمر سے شروع ہو ، ان میں سے جو بھی پہلے واقع ہو ۔ منتقلی کا منصوبہ انفرادی پوسٹ سیکنڈری اہداف کی نشاندہی کرتا ہے ، انہیں حاصل کرنے کیلئے ضروری اقدامات کا خاکہ تیار کرتا ہے ، اور پورے IEP کے مواد کو لیکر چلتا ہے ۔ احتیاط اور سوچی سمجھی منصوبہ بندی سے ، ہر طالبعلم ایسی مہارتوں سے لیس ہونا چاہیئے جو بعد از ہائی اسکول زندگی کے مواقع سے فائدہ اٹھانے اور مسائل کا سامنا کرنے کیلئے ضروری ہوں ۔

جب منتقلی کی خدمات پر غور کیا جارہا ہو ، تو *IEP* کے دوسرے اورتیسرے صفحات منتقلی کی منصوبہ بندی کا سیکشن بن جاتے ہیں ۔ *Transition Goals form (IEP-303)* میں طالبعلم کی ترجیحات اور خوبیوں اور اس کے ساتھ ساتھ کیریئر اور تعلیم وتربیت ، روزگار اور خودمختار زندگی پر مبنی منتقلی کی جانچ پڑتال کی معلومات شامل ہوتی ہیں ۔ اس کے علاوہ ، پوسٹ سیکنڈری اہداف سے متعلق سالانہ بینچ مارک منتقلی کے مقاصد ضروری ہیں ۔ *Transition Services form (IEP-304)* ، میں اسکول اور پوسٹ سیکنڈری منتقلی کی خدمات کی فہرست ہوتی ہے جن پر *IEP* میٹنگ میں غور کیا جاتا ہے ۔

کارکردگی کا حتمی خلاصہ (SOP) اسکول میں فائنل ایئر کے دوران طالبعلم کے فارغ التحصیل ہونے کیلئے درکار ہے ۔ SOP کا مطمع نظر منتقلی کی منصوبہ بندی اور ان سرگرمیوں کا ایک جامع خلاصہ مہیا کرنا ہے سیکنڈری کے برسوں کے دوران رونما ہوئیں تھیں ۔ یہ فارم IEP کا حصہ نہیں ہے ، لیکن قانون کی رُو سے یہ لازم ہے کہ ، فارغ التحصیل ہونیوالے تمام طالبعلموں کو فراہم کیا جائے ۔

# منتقلی کی منصوبہ بندی

## منتقلی کی منصوبہ بندی کب شروع کی جائے

بالغ زندگی کی جانب منتقلی کیلئے منصوبہ بندی طالبعلموں کے IEPs کا حصہ ہے، جب وہ سیکنڈری اسکول سے گزر رہے ہوتے ہیں۔ منصوبہ بندی جلد شروع کردینی چاہیئے تاکہ طالبعلموں کو اپنے متعلق اور اپنی خوبیوں اور مہارتوں کے بارے میں جاننے کا وقت مل سکےاور وہ اپنے کیریئر کے متعلق عارضی فیصلے کرنا شروع کرسکیں ۔ FCPS کے طالبعلم گریڈ 8 یا 14 سال کی عمرسے ، جو مرحلہ بھی پہلےآئے، منصوبہ بندی شروع کریں ۔ منتقلی کی منصوبہ بندی کے عمل میں طالبعلم کی فعال شمولیت IEP میٹنگ سے پہلے ، دوران اور بعد میں درکار ہے ۔ طالبعلم کی شمولیت کے بغیر فیصلے نہیں کئے جاسکتے ۔ IDEIA خاص طورپر یوں بیان کرتا ہے:

- منتقلی کی خدمات ...ایک انفرادی بچے کی ضروریات پر مبنی ہونگی ، جس میں بچے کی خوبیوں ، ترجیحات ، اور دلچسپیوں کو مدنظر رکھا جائے گا...
- اسکول عملے کے ارکان... لازمی طورپر معذوری کے حامل بچے کو اس کی IEP میٹنگ میں شرکت کیلئے مدعو کریں ، اگرمیٹنگ کا مقصد بچے کیلئے پوسٹ سیکنڈری اہداف پر غوروخوض کرنا ہو اور بچے کو سیکشن 300.320(b) § کے تحت ان مقاصد کے حصول میں مدد کیلئے منتقلی کی خدمات کی ضرورت ہو ۔
- والدین یا سرپرست کو لازمی طورپر آگاہ کیا جائے کہ میٹنگ میں منتقلی کی خدمات پر بحث کی جائے گی اور طالبعلم کو بھی مدعو کیا گیا ہے ۔
- اگرطالبعلم میٹنگ میں شریک نہیں ہوسکتا ، اسکول کے عملے کے ارکان کو لازماً یقین ہونا چاہیئے کہ طالبعلم کی خوبیوں ، ترجیحات ، اور دلچسپیوں کو منتقلی کی سہولیات کی فراہمی میں شامل کیا جائے ۔

علاوہ ازیں ، اگر طالبعلم بلوغت کی عمر کو پہنچ چکا ہے – ورجینیا میں 18 سال – خصوصی تعلیم کے طریقہ کار کے تحفظات سے متعلق تمام حقوق والدین یا سرپرست سے طالبعلم کو منتقل ہوجاتے ہیں ۔ والدین یا سرپرست کو بدستور آگاہ کیا جاتا رہے گا ، تاہم طالبعلم کو فیصلہ کرنے کا اختیار ہوگا ، تاوقتیکہ فیصلہ ساز سرپرستی قانونی ذرائع سے برقرار رکھی جائے ۔ بعض طالبعلموں کیلئے ، جب وہ گریجویٹ ہونے کی تیاری کررہے ہوں ، یہ مناسب ہوسکتا ہے کہ وہ پوسٹ سیکنڈری خدمات اور معاونت کے متعلق غور کریں ۔ IDEIA پوسٹ سیکنڈری سہولیات فراہم کنندہ کے کردار کو یوں بیان کرتا ہے:

- "جہاں تک مناسب ہو، والدین یا بلوغت کی عمر کو پہنچنے والے طالبعلم کی رضامندی سے ، اس سیکشن کے پیراگراف (b)(1) کی رُو سے لازم ہے کہ سرکاری ادارہ لازمی اس شریک ادارے کے نمائندے کو مدعو کرے جو ممکنہ طور پر منتقلی کی خدمات فراہم کرنے یا اس کے اخراجات ادا کرنے کا ذمہ دار ہوگا ۔ "

یہ بات اہم ہے کہ طالبعلم اپنی منتقلی کی منصوبہ بندی اور پورے IEP عمل میں شریک ہوں ۔ ایک بار طلبا وطالبات منتقلی کی عمر کو پہنچ جائیں ، تو انہیں IEP میٹنگ میں شرکت کرکے ، جہاں تک ممکن ہو ، اپنا کردار ادا کرنا چاہیئے۔ ذیل میں ان وجوہات کی فہرست دی گئی ہے کہ یہ بات کیوں اہم ہے کہ طالبعلموں کوIEP کے عمل میں فعال شرکت کرنی چاہیئے:

- اپنی تعلیم اور مستقبل کے منصوبوں میں زیادہ سے زیادہ سرمایہ کاری کرنے اور شامل ہونے کیلئے
- یہ جاننے کیلئے کہ سہولیات کیسے انہیں تعلیمی مشکلات کو سمجھنے میں مددگار ثابت ہوسکتی ہیں
- اپنی خودشناسی (اپنی خوبیوں اور درکار مدد کے فہم ) میں اضافے کیلئے
- یہ جاننے کیلئے کہ اہداف کیسے مقرر کئے جاتے ہیں ، ان پر کیسے کام کیا جاتا ہے ، تبدیل اور تسلسل کیسے برقرار رکھا جاتا ہے
- یہ جاننے کیلئے کہ اپنی وکالت کیسے کی جاتی ہے اور اپنے عزم وارادے سے کیسے زندگی گزاری جاتی ہے
- سالانہ اغراض ومقاصد طے کرنے اور ترقی دینے کیلئے
- اپنے IEP کے اہداف اور مقاصد پر پیش رفت کا جائزہ لینے کیلئے
- IEP میٹنگ میں شرکت کرنے کیلئے
  - IEP ٹیم کے ارکان کا تعارف کرائیے
  - ان کا منتقلی منصوبہ پیش کیجیئے
  - کمیونٹی کے کاموں کے تجربہ کی ویڈیو یا تصاویر شیئر کیجیئے
  - کیریئر میں دلچسپیوں کے بارے میں رپورٹ کیجیئے
  - اہداف میں پیش رفت پر رپورٹ دیجیئے
  - ان سہولیات پر بحث کیجیئے جو ان کے سیکھنے کے انفرادی انداز سے بہترین مطابقت رکھتی ہوں
  - ان کی IEP میٹنگ کی قیادت کیجیئے

IEP ٹیم طالبعلم پر توجہ مرکوز کرنے والی منصوبہ بندی کے طریقہ کو اپنائے ۔ طالبعلم پر مرکوز منصوبہ بندی درج ذیل اصولوں پر مشتمل ہوتی ہے:

- طالبعلموں کے اسکول کے بعد کے اہداف ، پڑھائی کی ترجیحات ، اور سہولیات کی ضرورت کی نشاندہی اور دستاویزات تیارکرنا
- IEP کیلئے متعدد تشخیصی معلومات کے استعمال کو بنیاد بنانا
- منتقلی سے متعلق قابل پیمائش اہداف اور اغراض ومقاصد کی شناخت کرنا ، جن میں پوسٹ سیکنڈری تعلیم و تربیت ، روزگار، خودمختار زندگی ، اور کمیونٹی اور تفریحی سرگرمیوں کی نشاندہی کی گئی ہو ۔
- ایسے تعلیمی تجربات کو فروغ دینا جو پوسٹ سیکنڈری اہداف اور اغراض ومقاصد سے ہم آہنگ ہوں ، جیسا کہ کالج کے نصاب یا پیشہ ورانہ اور فنی تعلیم کی تیاری میں حصہ لینا
- IEP کے ذریعہ ، منتقلی پر مبنی تدریسی سرگرمیوں یا خدمات کیلئے ذمہ داریوں کی نشاندہی کرنا
- ان کے IEP کی تیاری میں طالبعلموں کی بامعنی شرکت کی صلاحیتوں کو فروغ دینا
- منصوبہ بندی کا ایسا طریقہ کار استعمال کرنا جس میں طالبعلم پر توجہ مرکوز کی گئی ہو اور طالبعلموں کی خودارادیت ، بشمول ان کی فیصلہ سازی کو سہولت فراہم کی گئی ہو
- ایسی مناسب سہولیات بہم پہنچانا جن سے طالبعلم اور اس کے گھر والوں کو انفرادی منصوبہ بندی کے عمل اور بالخصوص IEP میٹنگ میں شمولیت میں سہولت میسر آئے
- طالبعلم کے ترقی یا کامیابی کے اہداف کے حصول ، بشمول اس کی ترقی کی طالبعلم جانچ پڑتال ، کا کم از کم سال میں ایک بار جائزہ لینا

## ***منتقلی کا جائزہ***

منتقلی کی تشخیص ایک فردِ واحد کی ضروریات ، ترجیحات ، اور دلچسپیوں کے اعدادوشمار جمع کرنے کا ایک مسلسل عمل ہے ، جب وہ موجودہ اور مستقبل کے کاموں کی ضروریات ، تعلیمی، زندگی ، ذاتی ، اور سماجی ماحول سے متعلق ہوں ۔ منتقلی کی تشخیص کو مندرجہ ذیل ایسے سوالات کے جواب دینے کی کوشش کرنی چاہیئے:

- طالبعلم کی کیا دلچسپیاں ہیں؟
- طالبعلم کی کیا خوبیاں ہیں؟
- ایک طالبعلم کو اپنے کیریئر کے اہداف کی درست راہ پر رہنے کیلئے کن تعلیمی شعبوں میں مستحکم ہونے کی ضرورت ہے؟
- ایک طالبعلم کو اپنی خود مختار زندگی کے ہدف تک پہنچنے کیلئے زندگی کی کن مہارتوں کو مستحکم کرنے کی ضرورت ہے؟
- ایک طالبعلم کو اپنے مستقبل کے روزگارکے ہدف کی تیاری کیلئے کن کن ہائی اسکول کورسز کو لینا ضروری ہے؟

معیاری منتقلی کے جائزہ اور منتقلی کی منصوبہ بندی کے طریقہ ہائے کار میں درج ذیل شامل ہیں:

- جائزہ: اساتذہ دونوں رسمی وغیررسمی اسیسمنٹس کو استعمال کرتے ہوئے اسکول کے بعد اہداف سے متعلق طالبعلم کی دلچسپیوں ، ترجیحات ، اور ضروریات کا جائزہ لیتے ہیں
- منصوبہ: اساتذہ تشخیص کے نتائج کا تجزیہ کرتے ہیں اور انہیں طالبعلم کی منتقلی کے منصوبہ میں شامل کرتے ہیں
- ہدایت: طالبعلم اپنے پوسٹ سیکنڈری اہداف تک پہنچنے کیلئے مہارتوں کو سیکھتے ہیں
- جانچ پڑتال: طالبعلم اور اساتذہ جانچ کرتے ہیں کہ آیا منتقلی کی سرگرمیوں اور IEP اہداف اوراغراض ومقاصد کے حصول کی جانب پیش رفت کی گئی ہے

IEP 303 میں ایک سیکشن ہے جو ایف سی پی ایس میں دستیاب منتقلی کی تشخیصوں کی متعدد اقسام کی تفصیل بیان کرتا ہے مندرجہ ذیل دو صفحات میں IEP 303 کا ایک خالی نمونہ موجود ہے ۔

# IEP 303 – منتقلی کے اہداف

**CONFIDENTIAL**

Fairfax County Public Schools

**Transition Goals**

DRAFT UNTIL IEP IS SIGNED

Complete with student no later than Grade 8 or Age 14, whichever comes first.

Student Name ______ ID# ______ Date of meeting ______

Anticipated Graduation Year ______ Anticipated Diploma(s) ______

Does the IEP team need to consider the Credit Accommodations to graduate with Standard Diploma? (If yes complete the Credit Accommodations Eligibility Form) ☐ Yes ☐ No

**Credit Accommodations Participation:**
The student will participate in the following Credit Accommodations for a Standard diploma:

☐ Substitute Assessment ☐ Locally Awarded Verified Credit (LAVC)

☐ VMAST (EOC English: Reading Only) ☐ Division of Minimum Coursework ☐ Other ______

**Student Participation in Transition Planning**

______ I have participated in drafting my Transition Plan. All parts include my interests and preferences.
Student's Initials

The student has not been available to provide input into the Transition Plan; therefore, this IEP will be addended in ____ days to include the student's interests, preferences, and goals.

☐ Principal Designee Confirmation

**Transition Assessment Information** related to training, education, employment, and, where appropriate, independent living.

Check off assessment information reviewed for this IEP on the left and summarize results on the right.

| | |
|---|---|
| ☐ Comprehensive Assessment Center Report | Interests: |
| ☐ Career Scope | |
| ☐ Most recent reevaluation information | |
| ☐ Standardized Assessment ______ | |
| ☐ Grades | |
| ☐ Classroom assessments | Strengths/Capabilities: |
| ☐ Interest inventory | |
| ☐ Class based Career Assessments | |
| ☐ Job coach reports | |
| ☐ Work experience | |
| ☐ Situational assessment | Career Goal: |
| ☐ Career Portfolio (Naviance Documents) | |
| ☐ Academic and Career Plan | |
| ☐ Interview | |
| ☐ Observation | |
| ☐ Other ______ | |

*Information from the Fairfax County Public Schools student scholastic record is released on the condition that the recipient agrees not to permit any other party to have access to such information without the written consent of the parent or of the eligible student.*

# IEP 303 – منتقلی کے اہداف

**CONFIDENTIAL**

Fairfax County Public Schools
Individualized Education Program
**Transition Goals (continued)**

DRAFT UNTIL IEP IS SIGNED

Student Name ______ ID# ______ Date of meeting ______

**Measurable Postsecondary Goals** consider assessment information and develop corresponding postsecondary goals for education, training, employment and, where appropriate, independent living.

Postsecondary Education: After high school, I will

Postsecondary Training: After high school, I will

Postsecondary Employment: After high school, I will

Postsecondary Independent Living: After high school, I will

**Transition Objectives:** Based on the postsecondary goals, develop transition objectives for the current year that include: (a) Instruction; (b) Related services; (c) Community experience; (d) The development of employment and other post school adult living objectives; and (e) If appropriate, acquisition of daily living skills and functional vocational evaluation.

Career (C): I will

Self Advocacy (SA): I will

Independent Living (IL): I will

| How will progress toward these goals be measured? **(check all that apply)** | Indicate below which area will be assessed | | |
|---|---|---|---|
| Anecdotal Records | C | SA | IL |
| Checklist | ☐ | ☐ | ☐ |
| Criterion Referenced Test | ☐ | ☐ | ☐ |
| Data Sheets | ☐ | ☐ | ☐ |
| Norm Referenced Test | ☐ | ☐ | ☐ |
| Rubric | ☐ | ☐ | ☐ |
| Running Records | ☐ | ☐ | ☐ |
| Tests and Quizzes | ☐ | ☐ | ☐ |
| Work Samples | ☐ | ☐ | ☐ |
| Other | ☐ | ☐ | ☐ |

*Information from the Fairfax County Public Schools student scholastic record is released on the condition that the recipient agrees not to permit any other party to have access to such information without the written consent of the parent or of the eligible student.*

# IEP 304: قابلِ غور منتقلی خدمات

منتقلی کے منصوبہ کا دوسرا صفحہ منتقلی کی خدمات کا صفحہ ، IEP 304 ہے ۔ اس میں ان خدمات کی فہرست دی گئی ہے جو طالبعلم کے طویل مدت اہداف تک پیش رفت میں اعانت کرتی ہیں ۔ یہی وہ مقام ہے جہاں IEP ٹیم فیصلہ کرتی ہے کہ طالبعلم کے تدریسی پروگرام میں آئندہ سال کیلئے کن خدمات ، کورسز ، اور تجربات کو شامل کیا جائے ۔

*درج ذیل معلومات IEP-304 پر دی گئی ہر منتقلی سہولت کی مختصراً وضاحت پیش کرتی ہیں ۔ اگرآپ کو مزید معلومات درکار ہیں ، یا کوئی سوال پوچھنا ہیں ، براہ مہربانی اپنے اسکول کے ملازمت اورمنتقلی کے نمائندہ (ETR) سے رابطہ کیجیئے ۔*

| **منتقلی خدمات** | **معلومات** |
|---|---|
| کیریئر اور کالج رہنمائی | مستقبل کے منصوبوں اور/ یا کورسز ، منتقلی اور روزگار کے معاملات کے بارے میں اسکول کونسلنگ ، کالج اور کیریئر اسپیشلسٹ ، ETR اورکیس مینیجرکی فراہم کردہ |
| اکیڈمی ریسورس ٹیچر سروسز | ہر اکیڈمی کے پاس ایک سپورٹ ٹیم ہوتی ہے جو IEPs کے حامل طالبعلموں کی کورس کی شرائط کو کامیابی سے پورا کرنے میں مدد کرتی ہے |
| کیریئر اسیسمنٹ | ایف سی پی ایس IEPs کے حامل ہائی اسکول طالبعلموں کیلئے متعدد اقسام ی کیریئر اسیسمنٹ پیش کرتا ہے:<br>**کیریئر اسیسمنٹ –** Woodson یا Mt. Vernon اسیسمنٹ سینٹرز میں پانچ دنوں تک گہری جانچ پڑتال<br>**کیریئر اسکوپ** – ہائی اسکول میں جونیئرز اور سینئرز کیلئے دو گھنٹے کی انفرادی جانچ پڑتال<br>**ورچوئل کیریئر ایکسپلوریشن ایکسپیرینئنس (VCEE)** – طالبعلم MECA لرننگ اسیسمنٹ پروگرامز(LAP) کو استعمال کرکے ایک کیریئر میں دلچسپی یا کیریئر کے جھرمٹ کے راستے کو گہرائی میں جاکر دریافت کرتے ہیں ۔ |
| کام کے بارے میں آگہی اور منتقلی (WAT) | اختیاری کورس کیریئر ایکسپلوریشن اور کام کے تجربہ کے تعارف کو ملاتے ہیں<br>• HS کورس میں کمیونٹی میں کام کرنے کا تجربہ شامل ہے<br>• مڈل اسکول (MS) کورس میں اسکول میں کام کا تجربہ شامل ہوسکتا ہے |
| جاب کوچ سروسز | طالبعلموں کیلئے خودمختار طورپر کام کرنے کی جانب منتقلی کیلئے مختصر مدت کی اعانت<br>• ملازمت کے آغاز سے پہلے ، یا مسائل پیدا ہونے پر خدمات کی درخواست کی جا سکتی ہے<br>• ایف سی پی ایس ہائی اسکول کے IEPs کے حامل طالبعلموں کیلئے دستیاب ہے |
| روزگار اور منتقلی کی خدمات (ETR) | ہر HS میں منتقلی کے وسائل کے رابطے<br>• کیریئر کی تلاش ، ہدف طے کرنے ، ملازمت کی تلاش ، ملازمت کی دیکھ بھال ، اور مستقبل کیلئے منصوبہ بندی میں مدد کرتا ہے (ترجیح - گریڈ 11-12)<br>• ایف سی پی ایس ہائی اسکول کے IEPs کے حامل تمام طالبعلموں کیلئے دستیاب ہے ۔ اس میں ملٹی ایجنسی سروسز اور کچھ انٹرایجنسی متبادل سائٹس کے طلبا و طالبات شامل ہیں |
| پوسٹ سیکنڈری تعلیم کی بحالی منتقلی (PERT) کیلئے ریفرل | پیشہ ور، فرصت اور خودمختار زندگی کی مہارتوں کی Wilson Workforce Rehabilitation Center, Fishersville, VA میں 5-10 دنوں کی رہائشی جانچ پڑتال ۔ طالبعلم لازمی طورپر کم ازکم 16 سال کے ہوں اور PERT اور DARS کی اہلیت کے پیمانے پر پورا اترتے ہوں؛ منظوری کا فیصلہ PERT کرتا ہے ۔ |
| ملازمت کے مواقع کیلئے تعلیم (EFEO) | اختیاری HS کورس جہاں طلبا و طالبات کو<br>اخلاقی رویے ، کیریئر کی تحقیق اور ملازمت کے حصول کے طریقے ، اور کام کی جگہ پر ابلاغ کی حکمت عملیاں ، بشمول ورجینیا کے آجروں کی نشاندہی کردہ 22 ورک پلیس ریڈی نیس اسکلز پر توجہ دی جاتی ہے، پڑھائے جاتے ہیں۔<br>• 4 مقامات ۔ سائٹ کا تعین حاضری کے اسکول کے مقام کے ذریعہ کیا گیا ہے ۔ |
| اسپیشل ایجوکیشن کیریئر سینٹر | 18-22 سال کی عمر کے طالبعلموں کیلئے تخصیصی کیریئر اور خودمختار زندگی کی مہارتوں کی ہدایات<br>• کیریئر مہارتوں کی کاروباری ماحول میں تربیت؛ خواندگی ، خودمختار زندگی ، اور سماجی مہارتوں کی تدریس<br>• Davis and Pulley Career Centers<br>• سیکنڈری ٹرانزیشن ٹو ایمپلائمنٹ پروگرام (STEP) |
| کمیونٹی میں کام کرنے کا تجربہ | مقامی کاروباروں میں کام کا تجربہ ، جس سے طالبعلموں کو کیریئر کے آپشنز تلاش کرنے اور کام کی ثقافت کو سیکھنے میں مدد ملتی ہے<br>• Career Prep، WAT، EFEO، Davis اور Pulley Centers اور STEP کا جزولاینفک<br>• بلامعاوضہ کام کے تجربے کیلئے والدین کی اجازت ، اور اس کے ساتھ والدین کی طرف سے یا اسکول کی جانب سے حادثاتی بیمہ درکار ہے |
| کیریئر اور کالج سے منسلک کورسز اور تجربات | طالبعلم کے بیان کردہ اہداف یا مستقبل کے منصوبہ سے متعلق کورسز یا سرگرمیوں کی فہرست؛ میں اکیڈیمکس ، کیریئر اور فنی تعلیم ، کیریئر اکیڈمی کورس ، کیریئر اور منتقلی کورسز وغیرہ شامل ہوسکتے ہیں ۔ |
| دیگر | منتقلی سے منسلک اسکول کی دیگر سرگرمیوں کیلئے بھی استعمال کیا جاسکتا ہے جن کو اوپر دی گئی فہرست میں شامل نہیں کیا گیا |
| ورجینیا محکمہ برائے خدمات عمررسیدگی و بحالی (DARS) | وہ ایجینسی جو معذوری کے حامل طالبعلموں اور بالغوں کو فائدہ مند روزگار کیلئے تیارہونے ، داخل ہونے ، شامل ہونے ، یا برقرار رکھنے میں مدد کرتی ہے ۔ DARS خدمات کیلئے ، طالبعلموں کو لازماً اہلیت کے معیار پر پورا اترنا ہوگا اور امریکہ میں کام کرنے کا قانونی طور پر اہل ہونا چاہیئے ۔ بعض خدمات میں مالی اشتراک درکار ہوتا ہے ۔ |

| منتقلی خدمات | معلومات |
|---|---|
| فیئرفیکس ۔ فالس چرچ کمیونٹی سروسز بورڈ ڈیویلپ مینٹل ڈس ایبیلٹی سروسز (CSB-DDS) | CSB-DDS ایسے افراد کو تاحیات معاون خدمات فراہم کرتا ہے جو 22 سال کی عمر کے آغاز یا 18 سال کی عمر سے قبل نشوونما میں معذوری کے دستاویزی طور پر تشخیص ہوئے تھے ، بشرطیکہ اہلیت پر پورا اترنے والی نشوونما کی تشخیص ذہنی معذوری ہو ۔ افراد کو مطابقت پذیر کردار یا adaptive functioning کی کم از کم تین اقسام میں مدد درکار ہو اور ورجینیا انفرادی نشوونما میں معذوری کے سروے (VIDES) کے پیمانے پر پورا اترتے ہوں ، جو تشخیص کا ایک ایسا ذریعہ ہے ، جسے CSB عملہ اہلیت کی اپوائنٹمنٹ کے دوران میں استعمال کرتا ہے ۔ |
| فیئرفیکس ۔ فالس چرچ کمیونٹی سروسز بورڈ مینٹل ہیلتھ سروسز (CSB-MH) | CSB-MH ذہنی صحت کی معذوری کے حامل افراد کو تاحیات معاون خدمات فراہم کرتا ہے ۔<br>• افراد کو اہلیت کے پیمانے پر لازماً پورا اترنا چاہیئے |
| ورجینیا محکمہ برائے نابینا وبصری خرابی (DBVI) | DARS کا ایک ڈویژن ، DBVI بصری خرابی کے حامل طالبعلموں کو خدمات فراہم کرتا ہے ۔<br>• افراد کو لازماً اہلیت کے پیمانے پر پورا اترنا چاہیئے |

مندرجہ ذیل صفحہ میں IEP 304 کا ایک خالی نمونہ موجود ہے

# IEP 304 – منتقلی کی خدمات

CONFIDENTIAL

Fairfax County Public Schools
Individualized Education Program

DRAFT UNTIL IEP IS SIGNED

## Transition Services

Complete with student no later than Grade 8 or Age 14, whichever comes first

Student Name ______ ID # ______ Date of IEP Meeting ______

**School Services Discussed and Considered: The following options were considered by the IEP team based on the student's input.**

| "Explore" | "Select" | |
|---|---|---|
| ☐ | ☐ | Career or College Guidance |
| ☐ | ☐ | Academy Support Services |
| ☐ | ☐ | Career Assessment (time-limited) |
| ☐ | ☐ | Work Awareness & Transition (WAT) |
| ☐ | ☐ | Job Coach Services (time-limited) |
| ☐ | ☐ | Employment and Transition Services (ETR) |
| ☐ | ☐ | Education for Employment for the Office (formerly OTP) |
| ☐ | ☐ | Special Education Career Center |
| ☐ | ☐ | Community Work Experience |
| ☐ | ☐ | Career or College Related Course(s)/Experiences: ______ |
| ☐ | ☐ | Other: ______ |

☐ Yes ☐ No **Post-Secondary Services were discussed.** If yes, document discussion on the Present Level Performance page 309.

**Once a signed Permission for Release of Information is obtained, a referral will be submitted for:**

- ☐ Virginia Department of Aging and Rehabilitative Services (DARS)
- ☐ Postsecondary Education Rehabilitation Training (PERT)
- ☐ Fairfax-Falls Church Community Services Board: Intellectual Disabilities Services (CSB-DD)
- ☐ Fairfax-Falls Church Community Services Board: Mental Health Services (CSB-MH)
- ☐ Virginia Department for the Blind and Vision Impaired (DBVI)
- ☐ Other: ______

**Notice of Rights Upon Age of Majority** (to be completed at the IEP meeting on or immediately preceding student's 17th birthday)

The parent and student received the *Age of Majority* brochure and student's rights pertaining to special education upon reaching the age of 18 have been explained.

☐ Student received brochure ☐ Parent received brochure

**Termination of Services upon Graduation**

This student is scheduled to graduate with a standard or advanced studies diploma in ______. At this time, this student will have met all Fairfax County Public Schools and Commonwealth of Virginia requirements for a standard or advanced studies diploma. The awarding of such diploma will terminate all special education and related services for this student in Fairfax County Public Schools.

This statement does not apply to students who receive an applied studies diploma.

*Information from the Fairfax County Public Schools student scholastic record is released on the condition that the recipient agrees not to permit any other party to have access to such information without the written consent of the parent or of the eligible student.*

IEP 304 (2/20) Transition Services

page ___ of ___

# منتقلی کی منصوبہ بندی کیلئے مشورے اور حکمت عملیاں

منتقلی کی منصوبہ بندی کے عمل میں چند سادہ قواعد کارفرما ہوتے ہیں ، اگران پر عمل پیرا ہوا جائے ، تو طالبعلموں کیلئے مثبت نتائج برآمد ہوتے ہیں ۔ ذیل میں ہر قاعدہ کی وضاحت کی گئی ہے ، ساتھ ہی ساتھ ہر قاعدہ پر عمل کرنے کے ذرائع تجویز کئے گئے ہیں ۔

## قاعدہ #1: دُور اندیش بنیئے

یہ سوچیئے کہ طلبا و طالبات اپنی بلوغت کے ابتدائی سالوں میں کہاں جانا چاہتے ہیں اور وہاں پہنچنے کیلئے تمام ضروری اقدامات کی بالعکس منصوبہ بندی کیجیئے ۔ مثال کے طور پر ، کارلوس ڈاکٹر بننا چاہتا ہے ۔ اس ہدف کو حاصل کرنے کیلئے ، کارلوس کو میڈیکل کالج سے گریجویٹ ہونے کی ضروت ہوگی ۔ میڈیکل اسکول میں جانے کیلئے ، اسے نہ صرف کالج میں حاضر ہونا پڑے گا ، بلکہ میڈیکل اسکول کے امیدوار کے طورپر اہل ہونے کیلئے اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنا پڑے گا ۔ یہ کام کرنے کیلئے، اسے سائنسز پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے ایک اسٹینڈرڈ یا ایڈوانسڈ اسٹڈیز ڈپلومہ حاصل کرنے کی ضرورت ہوگی ۔ ٹیم کو گریڈ 8 میں واپس کام کرنا چاہیئے، جہاں کارلوس کو سائنس میں اچھے گریڈز حاصل کرنے چاہیئں اورSOL ٹیسٹس پاس کرنے چاہیئں ۔

مستقبل پرمبنی اندازفکر آج کے اسکول ورک کا کل کے نتائج سے تعلق کو اُجاگر کرتا ہے ۔ یہ انداز فکر طالبعلموں کو اس قابل بناتا ہے کہ وہ یہ دیکھیں کہ کیا مکمل کیا جانا چاہیئے ، ممکنہ رکاوٹوں کی پیش بندی کی جائے ، اور رکاوٹوں کو عبور کرنے کیلئے منصوبے شروع کئے جائیں ۔

### *اس قاعدہ میں معاونت کیلئے ذرائع*

الیکٹرانک ایجوکیشنل اینڈ کیریئر پورٹ فولیو (ePortfolio – صفحہ 30) منتقلی کی منصوبہ بندی کا ایک ذریعہ ہے جو طالبعلموں اور خاندانوں کو حقیقت پسندانہ پوسٹ سیکنڈری اہداف کی نشاندہی کرنے اور تشکیل دینے میں مدد فراہم کرتا ہے ۔

*ای پورٹ فولیو ePortfolio* ہر طالبعلم کے Naviance اکاؤنٹ میں رکھا جاتا ہے، اور طالبعلم کے 14 سال کی عمر یا 8 گریڈ میں پہلی IEP منتقلی کے ساتھ شروع ہوتا ہے ، اور پھر اسکول کے سالوں میں طالبعلم کے ساتھ ساتھ چلتا ہے ۔ ای پورٹ فولیو منتقلی کی اسیسمنٹس کی معلومات جمع کرتا ہے جو طالبعلم کی منتقلی کے منصوبہ کی بنیاد ہوتی ہیں ۔ علاوہ ازیں ، یہ گریجویشن سے پہلے *کارکرگی کا آخری خلاصہ* (صفحات 31-35) پورا کرنے کیلئے درکار معلومات حاصل کرنے کا ایک مثالی ذریعہ بھی ہے ۔ اسکول کا تمام عملہ جو طالبعلم کے ساتھ کام کرتا ہے ، ای پورٹ فولیو میں متعلقہ معلومات اپ لوڈ کرسکتا ہے ، اور/ یا منتقلی کی منصوبہ بندی میں معاونت کی صورت میں ای پورٹ فولیو میں دستاویزات کو ریفر کرسکتا ہے ۔

درج ذیل اضافی ذرائع منصوبہ بندی کے عمل کو دُوراندیش بنانے میں مدد دے سکتے ہیں ، اور کیریئر پورٹ فولیو میں شامل کئے جاسکتے ہیں:

- چارٹرنگ مائی فیوچر – مڈل اسکول (صفحہ 19) اور ہائی اسکول I (صفحہ 20) طالبعلموں کو ان اقدامات کا تعین کرنے میں مدد دیتے ہیں جو انہیں اپنے اہداف کے حصول کیلئے لازماً کرنے چاہیئں ۔ طالبعلم 25 سال کی عمر تک شناخت کرتے ہیں کہ وہ کیریئر اور ذاتی اہداف دونوں کے حوالے سے کہاں جانا چاہیئں گے ۔ اس پر ہرسال نظرثانی کی جاسکتی ہے تاکہ یہ تعین ہو کہ ان شناخت کردہ اہداف کے حصول کیلئے کیا کچھ مکمل کرنے کی ضرورت ہے ۔
- IEP-304 قابلِ غور منتقلی خدمات (صفحات 6-7) IEP کی منتقلی خدمات کے صفحہ پر دی گئی ہر سہولت کی ایک مختصرتفصیل بیان کرتی ہے ۔
- 18 سال کا ہونا: نوجوان بالغوں کے وسائل (صفحہ 36) وہ معلومات فراہم کرتے ہیں جنکی طالبعلموں کو اس وقت ضرورت پیش آتی ہے جب وہ بلوغت کی عمر کو پہنچتے ہیں ۔
- *FCPS* کیریئر انسٹرکشن ریسورسز (صفحات 37-38) ، کمیونٹی اینڈ پوسٹ سکینڈری ریسورسز (صفحہ 41), اور ویب ریسورسز (صفحہ 42) سی ٹی ایس *CTS* منتقلی کے کورسز اور پروگرامز ، پوسٹ سیکنڈری خدمات فراہم کرنیوالوں کی رابطہ معلومات ، اور ویب سائٹ کے وسائل ، کی فہرست دیتے ہیں ، جو معاون ثابت ہوسکتے ہیں ۔
- اکیڈیمک اینڈ کیریئر پلان ((ACP - ACP) The Academic and Career Plan) طالبعلموں کیلئے ایک ایسا عمل ہے جس سے وہ کالج اور کیریئر کے آپشنز تلاش کرکے اپنے مستقبل کی منصوبہ بندی کرتے ہیں ۔ طلباء کے پاس اپنی ذاتی خوبیوں اور دلچسپیوں کو دریافت کرنے ، کامیابی حاصل کرنے میں مدد کرنے کیلئے مقاصد تخلیق کرنے ، ہائی اسکول کی گریجویشن کی شرائط کو پورا کرنے کیلئے کورس کی منصوبہ بندی کرنے اور ہائی اسکول کے بعد کی زندگی کے لئے تیار ہونے کے مواقع ہوتے ہیں ۔ ہر طالبعلم کا منصوبہ Naviance Student ٹول میں الیکٹرانک طورپر محفوظ کیا جاتا ہے اورطلباء Schoology اکاؤنٹ کے ذریعہ اس تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں ۔ ACP کو باقاعدگی سے اپ ڈیٹ کیا جاتا ہے , کیونکہ ہر طالبعلم کے تعلیمی ، ذاتی ، اور کیریئر کے اہداف میں تبدیلی آتی ہے ۔ Naviance login is available via the FCPS public web. ذیل میں کیریئر اور منتقلی کے اہلکاروں کی فہرست ہے جو طالبعلموں کی تعلیمی وکیریئر پلان کی ضروریات کو پورا کرنے میں مدد کرسکتے ہیں:
    - کیریئر و منتقلی اساتذہ
    - روزگار اور منتقلی کی نمائندے

- اکیڈمی ریسورس ٹیچرز
- اسپیشل ایجوکیشن کیریئر سینٹر اساتذہ

## *قاعدہ #2: جلد شروع کیجیئے اور سالانہ جائزہ لیجیئے*

IDEA 2004 کیلئے لازم ہے کہ منتقلی کی منصوبہ بندی جلد شروع کی جائے ۔ مؤثر منتقلی کی منصوبہ بندی کی کلید یہ ہے کہ طویل المدت منصوبہ کو جلد شروع کیا جائے ، جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے، اورپھر سال میں کم ازکم ایک بار منصوبہ کا جائزہ لیا جائے کہ آیا یہ بدستور بامقصد ہے ۔
کارلوس کی مثال کو جاری رکھتے ہوئے ، اگر کارلوس اب بھی ڈاکٹر بننا چاہتا ہے اور اس نے اپنا 8 گریڈ SOLs پاس کر لیا ہے اور سائنس میں اعلیٰ درجات حاصل کیے ہیں ، تو وہ اپنے مقصد کو حاصل کرنے کی راہ پر گامزن ہے ۔

اگر اس نے ان دو مقاصد کو نہیں حاصل کیا ، تو کارلوس اور اس کے گھر والوں کو چند فیصلے کرنے کی ضرورت ہے:

1. کیا کارلوس اپنے ہوم ورک پر مزید وقت صرف کرے گا ، ٹیوٹر کی خدمات حاصل کرے گا ، اور تلافی کرنے کی کلاس میں داخلہ لے گا تاکہ وہ اپنے اہداف تک پہنچ سکے اور اصل منصوبہ پر کام جاری رکھے؟

یا

2. کیا اصل منصوبہ غیرحقیقت پسندانہ ہے؟

اگر کارلوس اب ڈاکٹر بننے میں مزید دلچسپی نہیں رکھتا یا اگر اصل منصوبہ غیرحقیقی تھا ، وہ کوئی دوسرا کیریئر ہدف چُن سکتا ہے اور مستقبل کا ایک اورمنصوبہ تشکیل دے سکتا ہے ۔

***اس قاعدہ میں معاونت کیلئے ذرائع***

- ٹرانزیشن پلاننگ چیک لسٹ فار اسٹوڈنٹس اینڈ پیرنٹس (صفحات 21-22) طلبا و طالبات اور ان کے خاندان والے گھر میں بھی مکمل کرسکتے ہیں تاکہ ان کو اپنی منتقلی کی منصوبہ بندی کی ترجیحات کی شناخت میں مدد ملے ۔ IEP-303 پر منتقلی کے مقاصد کے خانے میں خودمختار زندگی کے مقاصد کو پُر کرنے کیلئے یہ مواد خاص طورپر مفید ہے۔
- پوسٹ سیکنڈری ٹرانزیشن پلاننگ ٹائم لائن چیک لسٹس (صفحات 11-18) عام اور تصرف کردہ نصاب دونوں تک رسائی حاصل کرنے والے طالبعلموں کیلئے تیار کی گئی ہیں ۔ یہ چیک لسٹس منتقلی سے متعلق سرگرمیوں کی ایک سال بہ سال فہرست فراہم کرتی ہیں ، جو طلبا و طالبات کو متعدد پوسٹ سیکنڈری نتائج کیلئے تیار کرنے کیلئے وضع کی گئی ہیں ۔ یہ تمام سرگرمیوں کا ایک طائرانہ جائزہ پیش کرتی ہیں ، جو مڈل اسکول سے ہائی اسکول تک منتقلی کی منصوبہ بندی میں شامل ہوتی ہیں ۔ طلبا وطالبات اپنے طویل مدت اہداف کی بنیاد پر فہرست میں سے سرگرمیوں کا چناؤ کرتے ہیں۔
- سفارش کردہ منتقلی کے اغراض ومقاصد (صفحات 23-29) کو IEP-303 پر منتقلی کے مقاصد سیکشن میں موجود کیریئر، ذاتی وکالت ، اور خودمختار زندگی کے مقاصد تحریر کرنے کیلئے استعمال کئے جاسکتے ہیں ۔

## *قاعدہ #3: نظرثانی، نظرثانی، نظرثانی*

منتقلی کی منصوبہ بندی جلد شروع کرنے اور منصوبوں کا باقاعدگی سے ازسرنو جائزہ لینے سے طالبعلموں اور ان کے گھر والے منتقلی کے منصوبوں کے مناسب ہونے کا اندازہ لگا سکتے ہیں تاکہ گریجویشن کی جانب گامزن برسوں کے دوران اہداف اور منصوبوں کو بہتر بنایا جاسکے ۔ کارلوس کی مثال کو ختم کرنے کیلئے ، اگر میڈیکل اسکول کارلوس کیلئے غیرحقیقت پسندانہ ہے ، تو وہ صحت سے متعلق پیشوں کو تلاش کرسکتا تھا جن کی تیاری میں کم سخت تعلیمی محنت درکار ہوتی ہے ۔ کارلوس تب اپنا منصوبہ اس کے مطابق تبدیل کرے گا اور ان کاموں کی فہرست تیار کرے گا جن کی اسے اگلے سال تکمیل کیلئے ضرورت پیش آئے گی ۔ تب یہ فہرست اس کی منتقلی کے منصوبہ کی بنیاد بنتی ہے ۔ اگلے سال ، وہ منصوبہ کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی پیش رفت کو جانچے گا اور اس راہ کے متعلق چناؤ کرتا رہے گا جس پر وہ چلنے کا خواہاں ہے ۔

***اس قاعدہ میں معاونت کیلئے ذرائع***

- ٹرانزیشن ٹائم لان – مڈل اسکول سے گریجویشن تک (صفحات 11-18)
- چارٹنگ مائی فیوچر - مڈل اسکول اور ہائی اسکول (صفحات 19 اور 20)
- ایجوکیشنل اینڈ کیریئر پلاننگ پورٹ فولیو (صفحہ 30)
- اکیڈیمک اینڈ کریئر پلان – Naviance طالبعلم

***خاندان کا کردار***

منتقلی کی مؤثر منصوبہ بندی کے تین قاعدے جن سے پسند کے اختیار اور مواقع میں اضافہ ہوتا ہے:

*1)* دُور اندیش بنیئے
*2)* جلد شروع کیجیئے اور سالانہ جائزہ لیجیئے

3) نظرثانی ، نظرثانی ، نظرثانی

مڈل اسکول طالبعلم - حقیقت پسندانہ نتائج سے زیادہ پریشان ہونے کے بجائے عمل پر توجہ دیجیئے ۔ ایک مرتبہ طالبعلم منتقلی کی منصوبہ بندی کی مبادیات سیکھ لیں ، تو وہ اپنے ہائی اسکول کے برسوں کے دوران میں اس عمل کی مشق جاری رکھیں گے ۔ طالبعلم اپنے اہداف کو بہتر بنا سکتے ہیں اور اپنے کیریئر کے چناؤ کو متعدد بار تبدیل کرسکتے ہیں ۔

تمام طالبعلم - طالبعلموں کو ان اغراض ومقاصد کی نشاندہی کرنے میں مدد کرتے ہیں جنہیں پایہ تکمیل تک پہنچانے کی ضرورت ہوتی ہے ( مثلاً امتحانات پاس ، ڈپلومہ حاصل ، مہارتوں پر عبور ) تاکہ طویل مدت ہدف کو حاصل کیا جائے ۔

تمام طالبعلم - منصوبہ پر باقاعدگی سے نظرثانی کو یقینی بنایئے ۔ طالبعلموں اور عملے کے ارکان سے بات چیت کیجیئے کہ آیا کافی پیش رفت کرلی گئی ہے ۔

ہائی اسکول طالبعلم – طالبعلموں کے ہائی اسکول سے گریجویٹ ہونے سے قبل ضروری کارکردگی کا حتمی خلاصہ (صفحات 31-35) کو مکمل کرنے کو یقینی بنایئے ۔

# ٹرانزیشن پلاننگ ٹائم لائن چیک لسٹ – عمومی نصاب

*ان طالبعلموں کیلئے جو IEPs کے حامل ہیں اور انہیں عمومی تعلیم کے نصاب تک رسائی ہے*

**مڈل اسکول کے کام**

☐ مطالعہ کی موثر مہارتوں اور حکمت عملیوں کو فروغ دیجیئے ۔
☐ کلاس روم کی سہولتوں اور ضروریات کی شناخت اور سمجھنے کیلئے اساتذہ سے بات کیجیئے ۔
☐ دلچسپی کی چیزوں کا استعمال کرتے ہوئے خوبیوں ، دلچسپیوں ، مہارتوں ، اور ترجیحات کی شناخت کیجیئے ۔
☐ دلچسپیوں اور مہارتوں پر مبنی ممکنہ پوسٹ سیکنڈری کیریئر اور ذاتی اہداف کی شناخت کیجیئے ۔
☐ ڈپلومہ کے انتخاب کے اختیار اور ان کے تقاضوں کو پورا کرنے والے کورس کے انتخاب کے اختیار سے واقف ہوجائیے ۔
☐ ہائی اسکول کے کورسز کی تحقیق کیجیئے جو آپ کو ہائی اسکول کے بعد آپ کو آپ کے منصوبوں کیلئے تیار کریں گے ۔
☐ گریڈ پوائنٹ اوسط (GPA) اور اس کی اہمیت کے بارے میں جانیئے ۔
☐ ہائی اسکول کے اختیاری مضامین دریافت کیجیئے ، بشمول Career and Technical Education (CTE) Academy courses تاکہ دستیاب آپشنز کے متعلق آگاہ ہوسکیں ۔
☐ اپنی IEP ٹیم کے ساتھ ، اس بات کا تعین کیجیئے کہ آیا آپ کو ذاتی ترقی سے فائدہ ہوگا یا گریڈ 9 کیلئے کلاس میں کامیابی کی حکمت عملیوں سے ۔
☐ ہائی اسکول کی واقفیت اور معلوماتی نشستوں میں شرکت کیجیئے ۔
☐ اختیاری کورسز، کلبوں اور غیرنصابی سرگرمیوں کے ذریعہ دلچسپیاں تلاش کیجیئے ۔
☐ معلومات جمع کرنے اور اپنے مستقبل کی منصوبہ بندی میں مدد کیلئے Naviance کا استعمال کرتے ہوئے ایک CTS ای پورٹ فولیو بنانا شروع کیجیئے ۔
☐ 8 ویں جماعت (یا 14 سال کی عمر) سے شروع ہونے والے، اپنے IEP میں شامل کرنے کیلئے اپنے منتقلی منصوبہ تیار کرنے میں حصہ لیجیئے ؛ ان سرگرمیوں یا اغراض ومقاصد کی فہرست بنائیے جو اپنے اہداف حاصل کرنے کیلئے ضروری ہیں ۔
☐ اپنی IEP میٹنگ میں شرکت اور کارروائی میں حصہ لیجیئے ۔
☐ Middle School Academic and Career Plan (ACP) میں گریڈ کی سطح کے کام مکمل کیجیئے ۔
☐ Employment and Transition Representative (ETR) کی شناخت کیجیئے اور اپنے ہائی اسکول میں اپنے مقرر کردہ کونسلر کی شناخت کیجیئے ۔
☐ Department for Aging and Rehabilitative Services (DARS), سے تعلق رکھنے والے نمائندوں سے رابطہ کیجیئے ۔ مزید جاننے کیلئے Pre-Employment and Transition Services (Pre-ETS).

**نویں گریڈ کے کام**

☐ اپنے ETR کیس مینیجر ، اور اسکول کونسلر کی شناخت کیجیئے ، اور اپنے مستقبل کی منصوبہ بندی میں اعانت کیلئے ان کے کردار کے متعلق جانیئے ۔
☐ اپ ٹو ڈیٹ منتقلی سے متعلق معلومات اور وسائل کیلئے اپنے ETR کے اسکولوجی گروپ میں اندراج کرایئے ۔
☐ اپنی سمجھ بوجھ میں اضافہ کیجیئے کہ آپ کے پاس IEP کیوں ہے اور آپ کی سہولیات آپ کی کس طرح مدد کرتی ہیں ۔
☐ اساتذہ ، والدین ، اور دیگر وسائل کی مدد سے مؤثر مطالعہ کی مہارتیں اور حکمت عملی تیار کیجیئے ۔
☐ کلاس روم کی سہولتوں اور ضروریات کی شناخت اور سمجھنے کیلئے اساتذہ سے بات کیجیئے ۔
☐ دلچسپیوں اور مہارتوں پر مبنی ممکنہ پوسٹ سیکنڈری کیریئر اور ذاتی اہداف کی شناخت کیجیئے اپنی دلچسپی کی اشیاء استعمال کرتے ہوئے ۔
☐ GPA اور اس کی اہمیت کے متعلق جانیئے ۔

☐ ڈپلومہ کے انتخاب کے اختیار اور کورس کی ضروریات سے واقف ہوجائیے ۔
☐ اپنے اساتذہ کو اپنی IEP سہولیات کے بارے میں مطلع کرنے کیلئے ایک منصوبہ تیار کیجئیے (مثلاً One-Pager) ۔
☐ دریافت کیجئیے (بالغوں کی مدد سے) کہ کون سی حکمت عملیاں اور سہولیات آپ کو بہترین طریقے سے سیکھنے میں مدد دیتی ہیں ۔
☐ ڈپلومہ کے آپشنز اور کورس کے چناؤ کا جائزہ لیجیئے اور شرائط پوری کرنے کیلئے مطالعہ کے ایک کورس کا منصوبہ بنائیے ۔
☐ والدین/ سرپرستوں ، اسکول کونسلر، اور کیس مینیجر/IEP ٹیم کے ساتھ اس بارے میں بات چیت کیجئیے کہ آپ کس قسم کا ڈپلومہ حاصل کرنا چاہتے ہیں ، اور مختلف ڈپلومہ اقسام کے فوائد اور نقصانات کیا ہیں ۔
☐ اپنی IEP ٹیم کے ساتھ غور کیجئیے کہ آیا آپ اعلیٰ درجے کے کورس ورک جیسے آنرز یا AP/IB کرنا چاہتے ہیں ۔
☐ اپنے اسکول کونسلر ، ETR ، یا کیس مینیجر کے ساتھ ، ہائی اسکول کے کورسز کی دریافت جاری رکھیئے کہ جو آپ کو ہائی اسکول کے بعد آپ کے اہداف کیلئے تیار کریں گے ۔
☐ کالج اور کیریئر کی منصوبہ بندی کے وسائل کیلئے ہائی اسکول کیریئر سینٹر پر تشریف لے جائیے ۔
☐ اختیاری مضامین ، بشمول Academy courses دریافت کیجئیے ۔
☐ اپنی IEP ٹیم کے ساتھ ، اس بات کا تعین کیجئیے کہ آیا آپ کو ذاتی ترقی سے فائدہ ہوگا یا گریڈ 10 کیلئے کلاس میں کامیابی کی حکمت عملیوں سے ۔
☐ معلومات جمع کرنے اور اپنے مستقبل کی منصوبہ بندی میں مدد کیلئے Naviance کا استعمال کرتے ہوئے ایک CTS ای پورٹ فولیو بنانا جاری رکھیئے ۔
☐ اختیاری کورسز، کلبز اور غیرنصابی سرگرمیوں کے ذریعہ دلچسپیاں تلاش کرتے رہیئے ۔
☐ High School Academic and Career Plan (ACP) میں گریڈ کی سطح کے کام مکمل کیجئیے ۔
☐ IEP کی منصوبہ بندی کیلئے اپنے کیس مینیجر سے ملاقات کیجئیے ، بشمول چیک اِن کرنے کیلئے ؛ اپنی IEP میں شرکت کیجئیے اور حصہ لیجئیے ۔
☐ اپنے اہداف ، مہارتوں ، اور دلچسپیوں پر غوروفکر کرنے کیلئے ، اپنے کیس مینیجر اور اپنی IEP ٹیم کے ساتھ ، اپنے ٹرانزیشن پلان کو اپ ڈیٹ کیجیے ، جو آپ کے IEP کا حصہ ہے ۔
☐ دستیاب سہولیات کے متعلق جاننے کیلئے DARS سے تعلق رکھنے والے نمائندوں سے رابطہ کیجئیے ۔

**دسویں گریڈ کے کام**

☐ اساتذہ ، والدین ، اور دیگر وسائل کی مدد سے مؤثر مطالعہ کی مہارتیں اور حکمت عملی تیار کرتے رہیئے ۔
☐ اپنے اساتذہ کو اپنی IEP سہولیات کے بارے میں مطلع کرنے کیلئے ایک منصوبہ تیار کیجئیے (مثلاً One-Pager) ۔
☐ ڈپلومہ کے آپشنز پر غور کیجئیے ۔ والدین/ سرپرستوں ، اسکول کونسلر ، اور کیس مینیجر/IEP ٹیم کے ساتھ اس بارے میں بات چیت کیجئیے کہ آپ کس قسم کا ڈپلومہ حاصل کرنا چاہتے ہیں ، اور مختلف ڈپلومہ اقسام کے فوائد اور نقصانات کیا ہیں ۔
☐ اپنی IEP ٹیم کے ساتھ غور کیجئیے کہ آیا آپ اعلیٰ درجے کے کورس ورک جیسے آنرز یا AP/IB کرنا چاہتے ہیں ۔
☐ گریجویشن کی شرائط پوری کرنے کیلئے منصوبہ بندی کیجئیے اور کورسز کا انتخاب کیجئیے ۔
☐ اپنے اسکول کونسلر ، ETR یا کیس مینیجر سے کیریئر کے متعلق کورسز کے بارے میں بات چیت کیجئیے ، بشمول CTE or Academy Courses جو آپ کے طویل مدت اہداف سے ہم آہنگ ہوں ۔
☐ اپنے اسکول کونسلر ، ETR یا کیس مینیجر سے ،کیریئر کی جانچ اوراپنی دلچسپی کے آپشنز کے ، خصوصاً جو Naviance میں واقع ہوں ، متعلق بات کیجئیے ۔
☐ معلومات جمع کرنے اور اپنے مستقبل کی منصوبہ بندی میں مدد کیلئے Naviance کا استعمال کرتے ہوئے ایک CTS ای پورٹ فولیو بنانا جاری رکھیئے ۔
☐ کالج اور کیریئر کی منصوبہ بندی کے وسائل کیلئے ہائی اسکول کیریئر سینٹر پر تشریف لے جائیے ۔
☐ دریافت کرنا جاری رکھیئے (بالغوں کی مدد سے) کہ کون سی حکمت عملیاں اور سہولیات آپ کو بہترین طریقے سے سیکھنے میں مدد دیتی ہیں ۔
☐ SAT اور ACT جیسے معیاری ٹیسٹنگ کیلئے سہولیات کی درخواست کرنے کیلئے اپنے کیس مینیجر کے ساتھ کام کیجئیے ، اگرضرورت پڑے ۔
☐ Armed Services Vocational Aptitude Battery (ASVAB) ٹیسٹ دینے کے بارے میں غور کیجئیے – جو مہارتوں اور کیریئر دریافت کرنے کیلئے ایک مفید چیز ہے ۔
☐ غیر نصابی سرگرمیوں ، مشاغل ، رضاکارانہ کام ، اور کام کے تجربات کے ذریعے خوبیوں اور دلچسپیوں کی تلاش جاری رکھیئے ۔
☐ High School ACP میں گریڈ کی سطح کے کام مکمل کیجئیے ۔
☐ IEP کی منصوبہ بندی کیلئے اپنے کیس مینیجر سے ملاقات کیجئیے ، بشمول چیک اِن کرنے کیلئے ؛ اپنی IEP میٹنگ میں شرکت اور حصہ لیجئیے۔
☐ اپنی IEP ٹیم کے ساتھ ، اس بات کا تعین کریں کہ آیا آپ کو ذاتی ترقی سے فائدہ ہوگا یا گریڈ 11 کیلئے کلاس میں کامیابی کی حکمت عملیوں سے ۔
☐ اپنے کیس مینیجر اور IEP ٹیم کے ساتھ مل کر اپنی منتقلی کے منصوبہ کو اپ ڈیٹ کیجئیے جو آپ کے اہداف ، مہارتوں ، اور دلچسپیوں کی عکاسی کرتا ہو ۔
☐ دستیاب سہولیات کے متعلق مزید جاننے کیلئے DARS سے تعلق رکھنے والے نمائندوں سے رابطہ کیجئیے ۔

## گیارہویں گریڈ کے کام

☐ اساتذہ ، والدین / سرپرستوں ، اور دیگر وسائل کی مدد سے مؤثر مطالعہ کی مہارتیں اور حکمت عملی تیار کرتے رہیئے ۔
☐ اپنے اساتذہ کو اپنی IEP سہولیات کے بارے میں مطلع کرنے کیلئے ایک منصوبہ تیار کیجیئے (مثلاً One-Pager) ۔
☐ ڈپلومہ کے آپشنز پر غور کیجیئے ۔ والدین / سرپرستوں ، اسکول کونسلر، اور کیس مینیجر/IEP ٹیم کے ساتھ اس کے بارے میں بات چیت کیجیئے کہ آپ کس قسم کا ڈپلومہ حاصل کرنا چاہتے ہیں ، اور مختلف ڈپلومہ اقسام کے فوائد اور نقصانات کیا ہیں ۔
☐ اپنی IEP ٹیم کے ساتھ غور کیجیئے کہ آیا آپ اعلیٰ درجے کے کورس ورک جیسے آنرز یا AP/IB کرنا چاہتے ہیں ۔
☐ گریجویشن کی شرائط پوری کرنے کیلئے منصوبہ بندی کیجیئے اور کورسز کا انتخاب کیجیئے ۔
☐ اپنے اسکول کونسلر ، ETR یا کیس مینیجر سے کیریئر کے متعلق کورسز کے بارے میں بات چیت کیجیئے ، بشمول CTE or Academy Courses جو آپ کے طویل مدت اہداف سے ہم آہنگ ہوں ۔
☐ اگر ضرورت ہو تو ، اپنی ہائی اسکول کی گریجویشن کی تاریخ کو ایک سے تین سال تک بڑھانے پر غور کیجیئے ، تاکہ آپ کو اپنے پوسٹ سیکنڈری اہداف تک پہنچنے میں مدد ملے ۔
☐ اپنے اسکول کونسلر ، ETR یا کیس مینیجر سے ، دستیاب کیریئر کی جانچ اوراپنی دلچسپی کے آپشنز کے ، خصوصاً جو Naviance میں واقع ہوں ، متعلق بات کیجیئے ۔
☐ معلومات جمع کرنے اورمستقبل کی منصوبہ بندی میں مدد کیلئے Naviance استعمال کرتے ہوئے ایک CTS ای پورٹ فولیو بنانا جاری رکھیئے ۔
☐ کالج اور کیریئر کی منصوبہ بندی کے وسائل کیلئے ہائی اسکول کیریئر سینٹر پر تشریف لے جائیے ۔
☐ دریافت کرنا جاری رکھیئے (بالغوں کی مدد سے) کہ کون سی حکمت عملیاں اور سہولیات آپ کو بہترین طریقے سے سیکھنے میں مدد دیتی ہیں ۔
☐ اگر قابل اطلاق ہو تو ، اسکول کونسلر سے SAT اور ACT ٹیسٹ کے بارے میں پوچھیئے تاکہ یہ فیصلہ کیا جا ئے کہ آپ کیلئے کون سا بہتر ہو سکتا ہے ۔
☐ اگر ضروری ہو تو کالج کے داخلے کے امتحانات (SAT، ACT) کیلئے سہولیات کی درخواست کیلئے کیس مینیجر یا ETR کے ساتھ کام کیجیئے ۔
☐ اگر آپ کے کیریئر کے منصوبوں کیلئے کالج کی ڈگری درکار ہے ، تو رجسٹر ہوجائیے ، اور SAT یا ACT دیجیئے ۔
☐ ٹائم مینیجمنٹ ، ذاتی وکالت اور تناؤ میں کمی سمیت مختلف امتحانات کی تیاری کی حکمت عملیوں کی مشق کیجیے
☐ SAT یا ACT کی تیاری کیلئے ایک کورس لینے پر غور کیجیئے ۔
☐ ASVAB ٹیسٹ دینے پر غور کیجیے – جو مہارتوں اور کیریئر کی تلاش کیلئے ایک مفید شے ہے ۔
☐ High School ACP میں گریڈ کی سطح کے کام مکمل کیجیئے ۔
☐ اسکول یا کمیونٹی میں غیر نصابی سرگرمیوں اور / یا کام کے تجربے میں شمولیت کے ذریعہ اپنی دلچسپیاں تلاش کرنے کا سلسلہ جاری رکھیئے ۔
☐ اپنے ETR یا کیس مینیجر سے ، کیریئر کی جانچ کے آپشنز پر بات کیلئے ملاقات کیجیئے ۔
☐ IEP کی منصوبہ بندی کیلئے اپنے کیس مینیجر سے ملاقات کیجیئے ، بشمول چیک اِن کرنے کیلئے ؛ اپنی IEP میٹنگ میں شرکت کیجیئے اور حصہ لیجیئے ۔
☐ اپنی IEP ٹیم کے ساتھ ، اس بات کا تعین کیجیئے کہ آیا آپ کو ذاتی ترقی سے فائدہ ہوگا یا گریڈ 12 کیلئے کلاس میں کامیابی کی حکمت عملیوں سے ۔
☐ اپنے کیس مینیجر اور IEP ٹیم کے ساتھ مل کر اپنی منتقلی کے منصوبہ کو اپ ڈیٹ کیجیئے جو آپ کے اہداف ، مہارتوں ، اور دلچسپیوں کی عکاسی کرتا ہو ۔
☐ دستیاب سہولیات کے متعلق مزید جاننے کیلئے DARS سے تعلق رکھنے والے نمائندوں سے رابطہ کیجیئے ۔
☐ اپنی IEP سہولیات کی شناخت کیجیئے ، ان میں اضافہ کیجیئے ، یا ان پر نظر ثانی کیجیئے ۔
☐ اپنے IEP میں موجود سہولیات کو استعمال کرنے کا طریقہ بتانے کیلئے اقدامات کیجیئے ۔
☐ اگر آپ کے کیریئر کے اہداف میں پوسٹ سیکنڈری تعلیم کی ضرورت ہے ، تو ایسے اسکول تلاش کیجیئے جہاں وہ کورسز ، پروگرامز ، یا میجرز ہوں جن میں آپ کی دلچسپی ہو ۔
☐ کیریئر سینٹرز کا دورہ کرکے اور کمیونٹی تقریبات میں شرکت کرکے ، کالجوں ، ٹیکنیکل اسکولوں ، تربیتی پروگراموں ، اور افواج کے نمائندوں سے بات چیت کیجیئے ۔
☐ پوسٹ سیکنڈری سطح پر سہولیات اور رسائی کی خدمات کے بارے میں معلومات جمع کیجیئے ۔
☐ دستیاب سہولیات کی دریافت اور ان تک رسائی کے متعلق معلوم کرنے کیلئے کیمپسوں اور معذوری کی سروسز کے دفاتر جائیے ۔
☐ اگر آپ پوسٹ سیکنڈری سہولیات کیلئے درخواست دینے کا سوچ رہے ہیں تو معذوری کی دستاویزات جمع کیجیئے ۔
☐ اگر ضرورت ہو تو ، اپنی IEP میٹنگ میں شرکت کیلئے منتخب ایڈلٹ سروسز ایجنسی کے نمائندے کو مدعو کیجیئے ۔
☐ DARS اور کمیونٹی سروسز بورڈ (CSB) جیسی کسی بھی ایجنسی کے کیس مینیجرز کے ساتھ فالو اپ کیجیئے ۔

**بارہویں گریڈ کے کام**

